DATE: ______

لطائف اذکار

۱- لطیفۂ قلب = بائیں پستان کے ۲ انچ نیچے مقام پر حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کے قلب مبارک سے بطفیل حضور سید الانبیاء فیض ملتا ہے

۲- لطیفۂ رُوح = دائیں پستان کے ۲ انچ نیچے مقام پر حضرت سیدنا نوح علیہ السلام کے قلب مبارک سے بطفیل حضور سید الانبیاء فیض ملتا ہے۔

۳- لطیفۂ سِرّی = بائیں پستان کے ۲ انچ اوپر مقام پر حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کے قلب مبارک سے بطفیل حضور سید الانبیاء فیض ملتا ہے۔

۴- لطیفۂ خفی = دائیں پستان کے ۲ انچ اوپر مقام پر حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے قلب مبارک سے بطفیل حضور سید الانبیاء فیض ملتا ہے۔

۵- لطیفۂ اخفاء دونوں پستانوں کے درمیان مقام پر حضور سید الانبیاء کی بارگاہِ اقدس سے فیض طہارت ملتا ہے۔ اور یہاں پانچوں فیض جمع ہو جاتے ہیں۔

۶- لطیفۂ نفس دونوں آنکھوں کے اوپر پیشانی کے مقام پر انوار و تجلیات اللہ کی طرف سے

۷- سلطان الاذکار = سارے جسم پر

ان تمام اذکار کا طریقہ یہ ہے۔ کہ آنکھوں کو بند کر کے زبان کو تالو سے لگا کر سانس کے ذریعے مذکورہ مقامات پر ضربیں لگاؤ۔ اسم اللہ ھو جب سانس اندر جائے تو اللہ۔ اور جب سانس باہر آئے تو ہو۔

لطائف مراقبہ (۱) احدیت کا مقام زمین سے لیکر آسمانوں تک لاکھوں کروڑوں میل ہیں۔ اور ذکر الہی یہ ہے۔ لا شریک لہٗ وحدہٗ لا شریک لہٗ اللہ۔ یہ وہ مقام ہے جہاں لا تعداد اولیاء اللہ صالحین کی جماعت یہاں کی ہر چیز سفید نظر آتی ہے

DATE: ______

۲- معیت = معیت کا مقام آسمانوں سے لیکر عرش تک اور ذکر الہی ہے وھو معکم اینما کنتم یہ وہ مقام ہے جہاں کی ہر چیز سے نظر آتی ہے ۔

۳- اقربیت = اس کا مقام عرش سے لیکر لامکان تک اور ذکر الہی ہے نحن اقرب الیہ من حبل الورید ۔ یہ وہ مقام ہے جہاں کی ہر چیز سے رخ نظر آتی ہے ۔

سیر کعبہ شریف = تین دفعہ اللھم لبیک اللھم لبیک لا شریک لا لبیک حجر اسود کے سامنے آکر پڑھیں بسم اللہ اللہ اکبر طواف شروع کریں پہلے تین چکر پہلوانوں کی طرح اور چار چکر آرام سے طواف کرنے کے بعد مقام ملتزم یعنی بیت اللہ شریف کے دروازے پر آکر دعا کریں اور مدینہ عالیہ کی طرف سفر کریں حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں درود سلام ۔ ابوبکر صدیق کی خدمت میں سلام ۔ عمر فاروق کی خدمت میں سلام ۔ مسجد نبوی شریف میں قیام ریاض الجنۃ میں قیام درود شریف ابراہیمی اس کے بعد ساری امت کے لئے دعا کریں ۔

نوٹ ۔ ذکر الہی شروع کرنے سے پہلے تعوذ ۳ بار ۔ تسمیہ ۳ بار ۔ سوم کلمہ ۳ بار استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ ۔ ۳ بار ۔ درود شریف ابراہیمی ۳ بار

پیپلز کالونی کوٹھی نمبر ۱۵۵ C نشاط سٹاپ (محمد یسین سرہندی فیصل آباد)

قادریہ ڈیکوریشن فیصل آباد PH-۸۷۱۵۳۳۴

۱۵-۰۳-۲۰۰۷

۰۲-۱۴۲۸

جمعرات

AM - ۸-۰۰